# آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

## محکمہ صحت عامہ

عنوان:۔ **ٹینڈر نوٹس**

سیکرٹریٹ صحت عامہ کیلئے رواں مالی سال 27-2026 کے دوران مختلف اشیاء سٹیشنری کی فراہمی کیلئے جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے FoR مظفرآباد کی بنیاد پر لاٹ وائز درج ذیل شرائط پر سربمہر ٹینڈر بمطابق پیپرا رولز سنگل سٹیج سنگل انویلپ مطلوب ہیں۔ انراخ آئیٹمز الاٹ وائز دینا ہوں گے اور ایک الاٹ کے ہر آئیٹم پر ریٹ دینا لازم ہوں گے جو کہ 09-10-2026 تک دفتری اوقات کار میں بوقت 10:30 بجے تک زیر دستخطی کو موصول ہونے چاہیں۔ موصولہ ٹینڈرز پیپرا رولز کی شق 36 A کے تحت ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں اسی دن بوقت 11:00 بجے کھولے جائیں گے۔

**شرائط:۔**

۱۔ ٹینڈر میں دیئے گئے انراخ ایک سال (یعنی 30 جون 2027) تک لاگو رہیں گے۔

۲۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ منظور شدہ ریٹس اور پیش کردہ کوالٹی کے مطابق اشیاء رواں مالی سال 27-2026 کے دوران ماہانہ بنیادوں پر مطابق ڈیمانڈ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر کے ہمراہ مبلغ 50 روپے کا اسٹام پیپر آزاد جموں و کشمیر کے کسی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کی بیان حلفی شامل کرنا ہوگی۔

۴۔ ٹینڈر فارم کے حصول کیلئے دی گئی درخواست کی ہمراہ انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ کی نقل ہمراہ شامل کرنا ضروری ہوگا۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم اجراء نہیں کیا جائے گا۔

۵۔ جملہ واجب الوصول ٹیکسز (بشمول تجوید القران ٹرسٹ) کی متعلقہ بلات سے وصولی کٹوتی کی جائے گی۔

۶۔ تمام اشیاء کے نمونہ جات (کوالٹی نمبر 1) ٹینڈرز کے ساتھ منسلک ہونے چاہیں، ورنہ ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۷۔ ٹینڈر کے ہمراہ کل رقم مبلغ -/60,000 روپے کال ڈیپازٹ بنام ڈی ڈی او سیکرٹریٹ صحت عامہ شامل کرنا لازمی ہوگی۔

۸۔ مجاز اتھارٹی کو پیپرا رولز کی شق 33 کے تحت کوئی ایک یا تمام ٹینڈر منظور / مسترد کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

۹۔ سٹیشنری / متفرق اشیاء کی الگ الگ فہرست سیکرٹریٹ صحت عامہ کے اکاؤنٹس برانچ سے مورخہ 08-10-2026 تک حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۱۰۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کی کال ڈیپازٹ محکمہ ہذا کے پاس عرصہ کے اختتام تک بطور سکیورٹی جمع رہے گی۔

سیکشن آفیسر صحت عامہ
(انتظامیہ)